پہلا سمسٹر I Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular	دسمبر 2023

پرچہ : تعلیم کی فلسفیانہ بنیادیں

Paper - B9ED101CCT : Philosophical Foundation of Education

جملہ نشانات : **70** Maximum. Marks — Time : وقت : **3** Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں،اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال 1 :

(i) 'ہندوستان کی تقدیر اب اس کے کمرہ جماعت میں تشکیل دی جارہی ہے' یہ معنی خیز جملہ کس کمیشن کی رپورٹ میں ملتا ہے؟

(a) کوٹھاری کمیشن (Kothari Commission)

(b) ہنٹر کمیشن (Hunter Commission)

(c) یونیورسٹی ایجوکیشن کمیشن (University Education Commission)

(d) سیکنڈری ایجوکیشن کمیشن (Secondary Education Commission)

(ii) درج ذیل میں سے کس کے مطابق تعلیم ایک دو قطبی (Bipolar Process) عمل ہے۔

(a) سکرات (Socrates) (b) اڈمس (Adams)

(c) جان ڈیوی (John Dewey) (d) ہربرٹ (Herbert)

(iii) فلسفہ علم کی سائنس ہے کس نے کہا؟

(a) Kant (b) Fichte (c) John Dewey (d) Tagore

(iv) یوگ فلسفہ (Yoga Philosophy) کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

(a) کپل منی (b) پتانجلی (c) شنکر (d) مہارشی گوتم

(v) " تعلیم کے متعلق سبھی سوال آخر کار فلسفہ کے ہی سوال ہوتے ہیں۔" یہ قول کس کا ہے؟

(a) روسو (Rousseau) (b) افلاطون (Plato)

(c) راس (Ross) (d) کانت (Kant)

(vi "The Life Divine" کس کی لکھی ہوئی کتاب ہے؟

(a) گاندھی جی (b) وویکانند (c) ٹیگور (d) اروبندوگھوش

(vii) سیکنڈری ایجوکیشن کمیشن بنا تھا؟

(a) 1952-53 میں (b) 1962-63 میں (c) 1956-58 میں (d) 1966-68 میں

(Viii) آزادی کے بعد ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم (Education Minister) کون تھے؟

(a) رادھا کرشنن (b) مولانا آزاد (c) سردار پٹیل (d) امبیڈکر

(ix) معلم کی پیشہ وارانہ خوبی ہے؟

(a) خوش اخلاقی (b) صحت مند ہونا (c) سادگی (d) تدریسی صلاحیت

(x) موہن داس کرم چند گاندھی کا کس فلسفہ سے تعلق تھا؟

(a) فطریت (Naturalism) (b) وجودیت (Existentialism)

(c) مارکسزم (Marxism) (d) کوئی نہیں

حصہ دوم

2) "فلسفہ اور تعلیم ایک ہی سکے کے دو پہلو" واضح کیجیے۔

3) فلسفہ فطریت کے مطابق تعلیم کا نصاب اور طریقہ تدریس کس طرح ہونی چاہئے؟ واضح کیجیے۔

4) نئی تعلیمی پالیسی ۲۰۲۰ (NEP - 2020) پر ایک نوٹ لکھیں؟

5) اقدار بحران سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کیجیے۔

6) تعلیم کے شعبے میں مولانا آزاد کی خدمات پر مختصر نوٹ لکھیے۔

7) فلسفہ سانکھیا (Sankhya) سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ درس و تدریس کے عمل میں اس کی اہمیت بیان کیجیے۔

8) ووڈ ڈِسپیچ (Wood Dispatch) کی کوئی پانچ اہم سفارشات کو تحریر کیجیے۔

9) معلم کے پیشہ وارانہ اقدار سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

حصہ سوم

10) اساتذہ کے لئے فلسفہ تعلیم کا علم ہونا کیوں ضروری ہے؟ مثالوں کے ذریعہ وضاحت کیجئے۔

11) فلسفہ تصوریت (Idealism) کیا ہے؟ اس کی خصوصیات کو بیان کرتے ہوئے موجودہ دور میں اس کی تعلیمی اہمیت اور ضرورت پر روشنی ڈالیں؟

12) قومی تعلیمی پالیسی (NEP-1986) پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

13) اقدار سے کیا مراد ہے؟ اسپرینگر (Spranger) کے اقدار کی درجہ بندی کو مثالوں کے ذریعے واضح کیجیے۔

14) معلم سماج کا مستقبل بناتا ہے؟ تفصیل سے لکھیں۔

☆☆☆